ایٹا کاما

دنیا کا ایسا علاقہ جہاں آج تک کوئی بارش ریکارڈ نہیں کی گئی۔۔۔!

ایٹا کاما(Atacama) نامی صحرا شمالی چلی میں موجود ہے اور دنیا کا خشک ترین خِطہ ہے۔ یہ خطہ کئی ایسے علاقوں پر مشتمل ہے جہاں تاریخ میں کبھی کوئی بارش ریکارڈ نہیں کی گئی۔

اسی طرح ایٹا کاما کے ساتھ جُڑے اریکا شہر میں 59 سالوں میں 0.03 انچ بارش ہوئی اور اس کے بعد 14 سالوں تک کوئی بارش نہیں ہوئی۔ ایٹا کاما میں موجود گاؤں دیہات کے لوگ پانی کے حصول کیلئے ایسی جالیاں استعمال کرتے ہیں جو دھند میں موجود پانی کے بخارات کو محفوظ کر لیتی ہیں۔

اس کے بعد دنیا کا دوسرا خشک اور گرم ترین علاقہ وادیِ موت(Death valley) ہے جو امریکا میں موجود ہے۔

یہاں سرکاری ہدایت کے مطابق صبح 10 بجے کے بعد جانا منع ہے کیونکہ گرمی کی وجہ سے تپش اتنی شدید ہوتی ہے کہ بندہ مر بھی سکتا ہے اور میلوں دور کوئی آبادی نہیں ہے جو فوراً مدد کو پہنچ سکے۔ یہاں سال میں صرف 1.96 انچ بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔